© rasailojaraid.com



طنز و مزاح

ساغر اقبالی

# زباں میری ہے بات انکی

* میں پاکستانی عورتوں کے لئے نمونہ ہوں۔ (بے نظیر)

دلی شہر نمونہ..... وچوں مٹی اُتوں چونہ

* پنجاب میں بغاوت کی صورتحال تھی۔ آئینی اقدام کیا۔ (لغاری)

اور سندھ میں صرف چار ماہ میں ۱۰۷۸ آدمی قتل کئے گئے وہاں آپ کا آئین کیوں خاموش ہے؟

* جنس کی تفریق ختم کر دی جائے گی۔ (وزیر اعلیٰ عارف نکئی)

آلاتِ جنس ختم کر دیئے جائیں گے۔

* کشمیر جلد حاصل کر لیں گے۔ (عبداللہ شاہ۔ وزیر اعلی سندھ)

کراچی کی خیر منائیں۔ بابا!

* بے نظیر نے کراچی میں ہونے والی یوم دفاع کی تقریب میں شرکت نہیں کی۔ (ایک خبر)

موت کا خوف کتنا دہشت ناک ہوتا ہے۔

* کلرکوں کے مطالبات کیسے مانیں۔ سات ارب روپیہ چاہئیے۔ (وزیر داخلہ بابر)

ثقافتی ٹولوں۔ غیر ملکی دوروں اور اپنے الٹے تلّلوں پر اربوں روپیہ ضائع کرنے کے بارے میں بھی کبھی سوچا؟

* لغاری۔ چٹھہ۔ نصر اللہ۔ مزاری۔ کھرل۔ کھر۔ فضل الرحمٰن سمیت ارکان اسمبلی کی بڑی تعداد نے انکم ٹیکس ادا نہیں کیا۔ (ایک خبر)

فتّو دے یار..... کوئی موچی کوئی کمہار!

* تینوں مسلح افواج کے نمائندوں نے مزارِ قائد پر حاضری دی۔ (ایک خبر)

کہ جو کچھ ملک میں ہو رہا ہے۔ ہم اس پر شرمندہ ہیں۔

* رہائی..... مک مکا، یا کسی معاہدے کا نتیجہ نہیں۔ عورت کی حکمرانی پر کوئی مفاہمت نہیں ہو سکتی۔ (اعظم طارق)

کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی!

* پنجاب میں سپاہِ صحابہ کے شیخ حاکم علی وزیر بنا دیئے گئے۔

یہ بھی کسی معاہدے کا نتیجہ نہیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کیا اذان بج رہا ہے؟ (بے نظیر)

سازِ وجداں سے سنو نغمۂ عرفان و یقیں
یہ وہ نغمے نہیں جو تم کو ربابوں میں ملیں

بے نظیر اور نواز شریف۔ اسلامی نظریات سے مخلص نہیں۔ ان کے فریق نہیں بنیں گے۔ (فضل الرحمن)
خو، مولانا! تو پر یہ امورِ خارجہ کمیٹی کا چیئرمینی.....؟

× راولپنڈی۔ اسلام آباد۔ بدکاری کے اڈے "شرفا" کی زیر نگرانی چل رہے ہیں۔ (ایک خبر)
یعنی بدکاری کے اڈوں پر اعتراض نہیں۔ "شرفا" پر اعتراض ہے۔

× ۱۹۹۳ء میں معاملہ طے کرانے والے اب خاموش کیوں ہیں؟ (اعجاز الحق)
منہ کھاوے تے اکھ شرماوے!

× بے نظیر لوٹے خرید رہی ہیں۔ (ضیاء الرحمن فاروقی)
ضرورت ایجاد کی ماں ہے۔

× نواز شریف نے وٹو کو لوٹا کہا، اب اس سے منہ دھو رہے ہیں۔ (بے نظیر)
وہ تو وٹو سے استنجا بھی کر چکے ہیں۔

× پنجاب میں تبدیلی۔ جمہوری طریقے سے ہوئی۔ کسی کو شکایت ہے تو عدالت میں جائے (بے نظیر
"بی بی" کی عدالت میں کون جائے بابا! اور پھر آپ کے باوا کو بھی تو عدالت نے ہی پھانسی دی تھی۔

× اسمبلی میں اَن پڑھ اور شرابی بیٹھے ہیں۔ (شیر افگن)
لعنت ہے اس اسمبلی پر اور..... پر!

× پنجاب کی نئی کابینہ میں کرپٹ افراد کو شامل نہیں کیا جائے گا۔ (بے نظیر کی صدارت میں فیصلہ)
اور کابینہ میں پنجاب کے "چھٹے ہوئے ولی" شامل کر لئے گئے۔

× غلام عباس نسوانہ نے ماڈل ٹاؤن سے نماز کے بہانے نکل کر بے نظیر سے ملاقات کر لی (ایک خبر)
"نماز کا بہانہ"..... لعنت بر پدرِ فرنگ

× صدر لغاری آئندہ ہفتے عمرہ ادا کریں گے۔ (ایک خبر)
"کعبے کس منہ سے جاؤ گے غالب؟

× رامے ارکان کی خریداری میں برابر کے شریک ہیں۔ (پرویز الٰہی)
گاؤں کی سادہ لوح لڑکی حنیفاں اور شہر کے مصور حنیف رامے میں اتنا فرق تو ہونا چاہئیے۔

× کلرکوں کے مظاہرے۔ بھٹو کی قبر پر ماتم! (ایک خبر)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کھنداں سی آباد کراں گا      پر پہلاں برباد کراں گا

- (قصور) جعلی پیر علاج کے لئے عورتوں کے منہ میں تھوکتا تھا۔ نماز آتی ہے نہ قرآن مجید پڑھنا جانتا ہے۔ (ایک خبر)

"ہمارے حضرت جی" والے کیا کہتے ہیں۔ بیچ اس تھوک کے؟

- سردار نکئی کے انتخاب سے بے نظیر حکومت کو دھچکا لگا (بی بی سی)

یہ حکومت "دھچکوں" کی عادی ہو چکی ہے۔

- پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز کے نرسنگ سکول اسلام آباد میں قرآن مجید پڑھنے پر پابندی (ایک خبر)

اور جمہوری مولوی پھر بھی حکومت کے ساتھ ہیں۔

- ڈرامے میں لڑکا لڑکی ہاتھ پکڑ لیں تو قیامت نہیں آجاتی۔ (ثمینہ پیرزادہ)

ہم کو ہے معلوم کون کہاں آتا ہے
تم کو ہے معلوم کون کہاں جاتی ہے

قیامت نہیں آتی.......

- اسلامی دنیا میں مرد عورتوں کو آگے نہیں آنے دیتے۔ (بے نظیر)

یعنی آپ کے خیال میں حضرت علیؓ نے حضرت فاطمہؓ کو آگے نہیں آنے دیا۔

- مجھے زندگی دے دو (شاتم رسول      سلمان رشدی)

تمہیں موت بھی نہیں ملے گی۔

- میں لاہور کی معزز ترین فیملی کا رکن ہوں۔ (اقبال گھرکی)

جتنے اچے..... اونے لچے

- حکومت ہمارے ووٹوں سے برسراقتدار آئی۔ (پروفیسر غفور)

یہ بات قاضی صاحب کو بتائیں۔

- "لہو کرنا سی تے دُر فٹے منہ" (پنجاب کی صورتحال پر) جیالے قیادت پر برس پڑے۔ (ایک خبر)

سواد آگیا۔ بادشاہو!

- عیسائیوں کو زکوۃ دینا غیر اسلامی نہیں۔ (جے سالک)

- علماء اسلام کو اپنی جیب میں نہ ڈالیں۔ (غضنفر گل)

جاروب کش، اسلام کی تعبیر کر رہے ہیں۔

- پاکستانی عورت کو اختیار ہونا چاہئیے کہ وہ کتنے بچے پیدا کرنا چاہتی ہے۔ (انیس ہارون۔ صدر پاکستان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

دومن ایکشن فورم)

یعنی فرخندہ بخاری کو اختیار ہونا چاہیئے کہ وہ جب چاہے شہرت بخاری کو گھر سے نکال دے!

× بے نظیر نے دو ممبران صوبائی اسمبلی کی حمایت کے لئے کروڑوں شیعہ ووٹروں سے بے وفائی کی ہے۔ (منور عباس۔ سپاہ محمد)

جھنڈے میں بھی کالا رنگ صرف دھوکا دینے کے لئے لگا رکھا ہے

× نکئی کی نامزدگی۔ چہرے بجھ گئے۔ آنکھوں میں پانی آ گیا۔ (ایک خبر)

بھیڑا حال، بوکے دہاڑے۔ کالا منہ۔ نیلے پیر!

× وزیر اعظم بننے کا کوئی ارادہ نہیں! (سردار نکئی)

بلے اوئے بلے! نئیں ریساں تیریاں!

× یا اللہ! بلاول کو کلرک اور بختاور کو استانی بنا (کلرکوں کی احتجاجی مظاہرے میں مشترکہ دعا)

کوئی بڑی بات نہیں۔ شاہ ایران کی اولاد کو آج کوئی جانتا بھی نہیں!

× دو سال ہمارا متعہ رہا۔ پھر نکاح کر لیا۔ (نادرہ کے خاوند کا عدالت میں بیان)

دونوں دیوانے فرزانے     دونوں منٹو کے افسانے

× اپوزیشن لیڈر کو اقتدار میں لانے کے لئے بے نظیر کی مخالفت نہیں کر سکتے۔ (فضل الرحمن)

محبت ہو تو ایسی ہو!

× متعہ سے پیدا ہونے والا بچہ پاکباز ہوتا ہے۔ (علامہ ساجد نقوی)

پھر حرامزادہ کسے کہتے ہیں؟

× میں پولیس والوں کی پینٹیں اتروا دونگا (وزیر اعلیٰ سردار نکئی)

× میں بیلٹ کہنا چاہتا تھا جلدی میں منہ سے پینٹ نکل گیا، آئندہ احتیاط کروں گا۔ (سردار نکئی)

سردار جی! منہ دھیان نال کھولیا کرو، احتیاط چنگی چیز اے


مولانا عتیق الرحمن سنبھلی

**واقعہ کربلا اور اس کا پسِ منظر**

ایک نئے مطالعے کی روشنی میں

تحقیق کی دنیا میں علماء اور دانشوروں سے داد و تحسین وصول کرنے والی
نہایت متوازن اور مسلکِ حق کی ترجمان کتاب

قیمت 150 روپے

بخاری اکیڈمی مہربان کالونی ملتان۔


© rasailojaraid.com